Holland Bloorview
Kids Rehabilitation Hospital

Holland Bloorview
Kids Rehabilitation Hospital
150 Kilgour Road
Toronto ON Canada M4G 1R8
T 416 425 6220
T 800 363 2440
F 416 425 6591
www.hollandbloorview.ca

A teaching hospital fully affiliated
with the University of Toronto

اگرآپ کی صحت میں کوئی تبدیلی رونما ہوئی ہے یا یہ خط آپ کو غلطی سے موصول ہو گیا ہو تو براہ کرم آپ اپنا یا اپنے بچے کا ہیلتھ ریکارڈ درست کرنے کے لیے Holland Bloorview Health Data Records کے ساتھ (416) 425-6220 x 3422 پرر ابطہ فرمائیں.

جون 1، 2018

محترم کلائنٹ اور فیملی،

بطورایک تدریسی ہسپتال جو کہ مکمل طور پر یونیورسٹی آف ٹورانٹو کے ساتھ وابستہ ہے، Holland Bloorview کڈز ری ہیبلیٹیشن ہسپتال (ہالینڈ بلورویو) اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ہمارے بچوں، نوجوانوں اور خاندانوں کو Holland Bloorview میں منعقد ہونے والی صحت سے متعلق اہم تحقیق کے سلسلہ میں معلومات حاصل کرنے کا موقع اور رسائی میسر ہونی چاہیے۔ یہ تحقیق ہمیں معذوریوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے، ٹیکنالوجی اور علاج معالجوں کو فروغ دینے میں مدد دیتی ہے۔ یہ ہمیں اپنے بچوں، نوجوانوں اور خاندانوں کے بارے میں اپنے انتہائی با معنی اور صحتمند مستقبل کے خواب کو پورا کرنے میں مدد دیتی ہے۔

ہم اپنے اس تصور کو پیش نظر رکھتے ہوئے ، 01 جولائی 2018 کو تحقیق سے متعلق ایک نیا معلوماتی پروگرام شروع کرنے کے بارے میں پرجوش ہیں جس کوکنکٹ ٹو ریسرچ (**connect2research**) کا نام دیا گیا ہے۔ یہ پروگرام، Holland Bloorview میں انجام دی جانے والی نئی تحقیق کے بارے میں آگاہی کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ مزید کلائنٹس اور فیملیز کوجو کہ تحقیق کے بارے میں سیکھنے یا اس میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھتے ہوں، یکساں رسائی فراہم کرے گا۔

کنکٹ ٹو ریسرچ (**connect2research**) ایک ڈیٹا بیس ہے جو کہ Holland Bloorview کلائنٹس کے الیکٹرانک ہیلتھ ریکارڈ سے محدود معلومات مثلاً تاریخ پیدائش، تشخیص، اور رابطہ کی معلومات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ہسپتال کا ایک محفوظ اور منظور شدہ سافٹ ویئر پروگرام استعمال کرتا ہے۔ یہ ڈیٹا بیس Holland Bloorview کے تحقیق کاروں کی نشاندہی کر کے براہ راست ان کلائنٹس اور فیملیز(ماضی یا حال) کے ساتھ منسلک کرے گا جوایک تحقیقی مطالعہ کے مستحق ہو سکتے ہیں۔

Holland Bloorview کے موجودہ یاگزشتہ کلائنٹ کی حیثیت سے آپ کو براہ راست کنکٹ ٹو ریسرچ (**connect2research**) میں شامل کر دیا جائے گا بشرطیکہ آپ اس نمبر پر (416) 425-6220 ایکٹینشن 3000 فون کر کے یا اس پر connect2research@hollandbloorview.ca ای میل کر کے الگ ہونے کا انتخاب نہیں کرتے۔ اگرآپ کنکٹ ٹو ریسرچ (**connect2research**) کا حصہ بنتے ہیں تو Holland Bloorview کا ایک تحقیق کار آپ کو فون کر کے یا بذریعہ ڈاک معلومات بھیج کر دریافت کرے گا کہ آیا آپ تحقیقی مطالعہ یا پراجیکٹ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ آپ الگ الگ تحقیق کی بنیادوں پران میں شامل ہونے یا الگ ہونے کا انتخاب کر سکتے/سکتی ہیں۔ کسی تحقیقی مطالعہ میں شرکت کرنے/نہ کرنے، یا کنکٹ ٹو ریسرچ (**connect2research**) ڈیٹا بیس میں شامل ہونے/نہ شامل ہونے کے بارے میں آپ کا فیصلہ Holland Bloorview سے آپ کو موصول ہونے والی خدمات پراثر انداز نہیں ہو گا۔

Holland Bloorview آپ کی خلوت کو تحفظ فراہم کرنے اور آپ کے بارے میں معلومات کو محفوظ رکھنے کا تہیہ کیے ہوئے ہیں۔ پرسنل ہیلتھ انفارمیشن پروٹیکشن ایکٹ (پی ایچ آئی پی اے) کی تعمیل میں صحت کی دیکھ بھال سے متعلق تمام معلومات کوسختی کے ساتھ رازدارانہ، محفوظ اور با تحفظ رکھا جاتا ہے۔ خلوت کے بارے میں کسی بھی سوال کی صورت میں براہ کرم آپ پرائیویسی آفس کے ساتھ اس نمبر 425-6220 (416) ایکسٹینشن 3467 یا اس ای میل پر privacy@hollandbloorview.ca رابطہ فرمائیں ۔

اگرآپ کوکنکٹ ٹو ریسرچ (**connect2research**)کے بارے میں مزید معلومات درکار ہوں تو براہ کرم *hollandbloorview.ca/connect2research*ملاحظہ فرمائیں یا ہمیں اس نمبر پر فون کریں 425-6220 (416) ایکسٹینشن 3000 یا اس پرای میل کریں connect2research@hollandbloorview.ca۔ ہمیں آپ کےخیالات، سوالات یا تبصرہ جات سننے کا موقع حاصل کرکے خوشی ہو گی۔

مخلص،

Julia Hanigsberg
President and CEO
Holland Bloorview Kids Rehabilitation Hospital

Tom Chau
Vice President, Research
Director, Bloorview Research Institute
Holland Bloorview Kids Rehabilitation Hospital